**Task - 1**

# حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی شان مبارک

۱ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۴۵ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝۴۶

(سُوْرَةُ الْاَحْزَاب)

ترجمہ: اے نبی (صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم)! بے شک ہم نے آپ کو گواہی دینے اور خوشخبری سنانے اور ڈرانے والا (رسول) بنا کر بھیجا ہے۔ اور اللہ کی طرف اُس کے حکم سے دعوت دینے والا اور روشن چراغ (بنا کر بھیجا ہے)۔

قرآن مجید سے سُوْرَةُ الْاَحْزَاب کی اوپر دی گئی آیت تلاش کر کے جوابات دیجیے۔

آیت نمبر: 45, 46 مکی سورت / مدنی سورت: مدنی سورت

پارہ نمبر اور نام: پارہ نمبر 21 اتل ما اوحی

۲ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝۴۴ (سُوْرَةُ النَّحْل)

ترجمہ: اور ہم نے آپ کی طرف ذکر (قرآن مجید) نازل فرمایا تا کہ آپ لوگوں کے لیے واضح کر دیں جو اُن کی طرف نازل کیا گیا ہے اور تا کہ وہ غور و فکر کریں۔

قرآن مجید سے سُوْرَةُ النَّحْل کی اوپر دی گئی آیت تلاش کر کے جوابات دیجیے۔

آیت نمبر: 44 مکی سورت / مدنی سورت: مکی سورت

پارہ نمبر اور نام: پارہ نمبر 14 ربما

۳ اوپر دی گئی آیات میں سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اوصاف حمیدہ تلاش کر کے لکھیے۔

- خوشخبری سنانے والا
- گواہی دینے والا
- دعوت دینے والا
- ڈرانے والا